Australian Government
Australian Centre for International Agricultural Research
Australian Aid

Aik Saath ایک ساتھ 'Together'

# اسہال / دست

## تعارف:

اسہال ایک عام اور مہنگا مسئلہ ہے جو ہر عمر کے بکری اور بھیڑوں کو متاثر کر سکتا ہے۔ اسہال معدے کا ایک مسئلہ ہے جس میں جانور کا فضلہ نرم اور پانی بن جاتا ہے۔ بعض اوقات خون یا بلغم بھی اس میں موجود ہوتا ہے۔ اس کی بہت سی مختلف وجوہات ہیں۔ اس سے موت بھی ہو سکتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اس سے بچنے والے جانور کو کم قوت مدافیت اور بڑھوتری میں کمی کا سامنا ہو سکتا ہے۔

## جانوروں میں اسہال کی علامات:

فضلہ سخت سیاہ مٹر کے دانے جیسی شکل سے نرم مادے میں منتقل ہو جاتا ہے اور جسم سے دور گرنے کے بجائے فضلہ خارج ہونے والی جگہ اور پچھلی ٹانگوں پہ جمع ہو جاتا ہے جس میں ریشا / بلغم بھی موجود ہوتا ہے۔ اگرچہ، قدرتی طور پر بھی جانور کا فضلہ حرا گھاس کھانے کی وجہ سے ہو سکتا ہے۔ بیماری سے ہونے والے دست / اسہال وزن میں کمی، بھوک میں کمی، سستی اور ڈپریشن یا بخار کا سبب بنتے ہیں۔

## جانوروں میں دست / اسہال کی وجوہات:

- **پیٹ کے کرموں / کیڑوں کا انفیکشن:** کرم بہت چھوٹے کیڑے (جو عام آنکھ سے نا دیکھے جا سکتے ہوں) ہوتے ہیں جو جانوروں میں ایک ہی گھاس پہ چرائی سے پھیلتے ہیں۔ گھاس / چارہ میں انفیکشن کئی مہینوں تک رہ سکتا ہے۔ خاص کر ٹھنڈے اور نم موسم میں۔ کم تعداد میں موجود کرمے / کیڑے نقصان دہ نہیں ہوتے زیادہ تعداد خاص کر چھوٹے بچوں اور نسلی افزائی کے لیے پالے جانے والے جانوروں میں شدید دست / اسہال اور بیماری کا باعث بنتے ہیں۔ بکریوں اور بھیڑوں میں کرمے دوسری بکریوں، بھیڑوں، گائے، بھینسوں اور اونٹوں سے پھیل سکتے ہیں۔



- **جراثیموں سے ہونے والا انفیکشن:** بکریوں اور بھیڑوں میں گندے / خراب چارے اور پانی کی وجہ سے انفیکشن ہو سکتا ہے۔ تندرسنت جانوروں میں قدرتی طور پر جراثیم پائے جاتے ہیں جو کوئی نقصان نہیں پہنچاتے جب تک جانور وافر مقدار میں خوراک نا کھانے، سفر یا خوراک میں اچانک بدلاؤ کی وجہ سے ہونے والے تناؤ کا شکار نا ہوں۔
- **خوراک میں اچانک ہونے والی تبدیلیاں:** اس میں خوراک میں تیزی سے حرے چارے میں بڑھوتری، حری خوراک، زیادہ انرجی / طاقت والی خوراک جیسا کہ گندم یا جو، کچھ پودے کھانا شامل ہیں۔

## دست / اسہال کی تشخیص:



- دست کی وجہ کو صحیح طریقے سے تشخیص کرنا بہت ضروری ہے تاکہ صحیح علاج کا استعمال کیا جائے: اس کی تشخیص مختلف عمر کے جانوروں میں دست کی عام وجوہات کی جانکاری اور دیکھ بھال کی صورت حال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کی جا سکتی ہے۔
- اگر جانور میں علاج کے متوقع نتائج نا پائے جائیں تو وٹرنری ڈاکٹر یا جانوروں کے ہیلتھ ورکر جانوروں کی جانچ کر سکتے ہیں۔ یا فضلہ کے سیمپل / نمونے لے سکتے ہیں؛ کرموں ان کے انڈے یا جراثیموں کو دیکھنے کے لیے۔


THE UNIVERSITY OF MELBOURNE
UVAS UNIVERSITY OF VETERINARY AND ANIMAL SCIENCES LAHORE
LIVESTOCK & DAIRY DEVELOPMENT DEPARTMENT GOVERNMENT OF THE PUNJAB
حکومت سندھ Government of Sindh
SINDH AGRICULTURE UNIVERSITY TANDOJAM

## اسہال کی عام وجوہات اور علاج:

- عام طور پر کیے جانے والے علاج نیچے ٹیبل میں بیان کیے گئے ہیں۔ دیحان رہے کہ جانور کو صحیح مقدار میں صحیح عرصے کے لیے وہ علاج مہیا کیا جائے
- چھوٹے جانور کو شدید دست / اسہال ہونے کی صورت میں اضافی پانی پلائیں۔ ایک کپ پانی دن میں چار بار روزانہ
- گرے ہوئے یا بیٹھے ہوئے جانوروں کو سایہ دار جگہ پر تازہ پانی اور خوراک مہیا کریں۔
- جانوروں کو مکھیوں کے حملے سے بچانے کے لیے ان کے پیچھے کے حصے کو صاف کریں۔
- اگر دست مستقل رہیں تو مقامی وٹرنری ڈاکٹر سے رابطہ کریں

## بچاؤ اور احتیاتی تحفظ:

- رہنے کی گندی جگہوں اور باڑوں سے انفیکشن پھیل سکتا ہے۔ ان جگہوں کو صاف رکھنا اہم ہے۔
- نوزائیدہ بچوں میں انفیکشن کے خلاف قوت مدافیت پیدا کرنے کے لیے پیدائش کے فوراً بعد بہلی پلانے کو یقینی بنائیں
- چارے کو کبھی بھی اچانک نا بدلیں۔ چار سے سات دنوں میں آہستہ آہستہ نئ خوراک کو جانوروں کے چارے میں متعارف کروائیں
- گندم، جو، چاول وغیرہ کی شروعات 50 گرام ایک دن ایک جانور کے حساب سے دیں۔ پھر آہستہ آہستہ مطلوبہ مقدار دو ہفتوں میں بڑھائیں
- اسہال والے جانور کو باقی جانوروں سے الگ رکھیں جب تک بیمار جانور ٹھیک نہ ہو جائے۔ بیمار بھیڑ یا بکری کے بچے کو اس کی ماں کے ساتھ اور باقی جانوروں سے دور رکھیں۔
- بھیڑ بکری میں اسہال کے سبب بننے والے کچھ جراثیم انسانوں کو بھی متاثر کر سکتے ہیں۔ اس لیے بیمار جانور کو سنبھالنے کے بعد ہاتھ پاؤں اور جوتوں کو اچھی طرح صابن اور پانی سے دھوئیں۔

| استاک کلاس | اسہال کی قسم | عام وجہ | علاج | انفیکشن کے خطرات | تصویر |
|---|---|---|---|---|---|
| بکری اور بھیڑ کے چھوٹے بچے زیادہ تر جو گھر پہ رکھے جاتے ہوں | پانی نما مائع بدبودار، اور سبز | بیکٹیریا یا کوکسیڈ یا کی وجہ سے ہونے والا آنتوں کا انفیکشن | اسکور- اکس مائع Scour-X Liquid روزانہ دن میں دو مرتبہ 3 دن کے لئے 12 ایم ایل 10 کلووزن کے حساب سے | جانوروں کو گندی جگہ پہ رکھنا، باقائدگی سے صفائی نہ کرنا، جانوروں کی تعداد کے حساب سے ناکافی جگہ، چھوٹے بڑے جانوروں کا ایک ساتھ ہونا |  |
| چرائی کرنے والے بھیڑ بکریاں اور بچے | اسہال عام طور پر کم بدبودار مگر سیاہ اور نیم مائع ہوتا ہے۔ | پیٹ کے کرمے / کیڑے | ایک بار کرم کش دوا حسب ضرورت پلائی جائے یا نجیکشن لگایا جائے<br>▪ آئیور میکٹن 1٪(Ivermectin) کھال میں لگائی جائے<br>✓ 0.4 ایم ایل بکری کے لیے - 0.2 ایم ایل بھیڑ کے لیے<br>▪ لیوامیزول (Levamisole) پلائیں<br>✓ بکری: 1.5 ایم ایل - بھیڑ: 1 ایم ایل<br>▪ البینڈازول (Albendazole) پلائیں<br>✓ 4 ایم ایل بکری کو - 2 ایم ایل بھیڑ کو<br>تمام ڈوز 10 کلو گرام وزن کے حساب سے دیں | چھوٹی گھاس چرنا ایسی جگہ جہاں جانوروں کی تعداد زیادہ ہو یا / اور اسہال والے جانور نے چرائی کی ہو۔ |  |

Australian Government
Australian Centre for International Agricultural Research
Australian Aid

Aik Saath
ایک ساتھ
'Together'

THE UNIVERSITY OF MELBOURNE
UVAS UNIVERSITY OF VETERINARY AND ANIMAL SCIENCES LAHORE
LIVESTOCK & DAIRY DEVELOPMENT DEPARTMENT GOVERNMENT OF THE PUNJAB
حکومت سندھ Government of Sindh
SINDH AGRICULTURE UNIVERSITY TANDOJAM